# 109194-اگرخاوند اسلام قبول نہ کرے تو بیوی علیحدہ ہوجائے

## سوال

اگر بیوی مسلمان ہوجائے اور خاوند اسلام قبول نہ کرے توکیا بیوی کے لیے کافر خاوند سے علیحدگی اختیار کرنا واجب ہے ، اور اگر بیوی علیحدہ ہونے سے انکار کردے توکیا حکم ہوگا ؟

## پسندیدہ جواب

"اگر بیوی مسلمان ہوجائے اوراس کا خاوند کافر ہو تو یہ نکاح فسخ ہوجاتا ہے ، لیکن بیوی عدت پوری ہونے تک مہلت سے کام لے اگر دوران عدت خاوند اسلام قبول کرلے تو وہ اس کی بیوی ہے ، اوراگر وہ اسلام قبول نہیں کرتا اور بیوی کی عدت گزر جائے تو جب سے وہ مسلمان ہوئی ہے اس وقت سے ہی اس کا نکاح فسخ ہوچکا ہے .

اوراگرخاوند بیوی کی عدت گزرنے کے بعد اسلام قبول کرلے توکیا بیوی واپس جا سکتی ہے یا نہیں ؟

اس مسئلہ میں علماء کرام کے دو قول ہیں ، اور راجح یہی ہے کہ اگر بیوی موافقت کرلے تو وہ خاوند کے پاس واپس جا سکتی ہے ، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کو اسلام لانے کے کئی برس بعد جب ابوالعاص بن ربیع مسلمان ہوئے تو واپس کیا تھا"

اوراگر بیوی اس خاوند سے علیحدہ ہونے سے انکار کردے تو ان دونوں کے درمیان عدالت کی جانب سے زبردستی علیحدگی کروائی جائیگی" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ